معنوی خوبیوں کے ساتھ ساتھ ظاہری طباعت بھی عمدہ، دلکش اور دیدہ زیب ہے۔ خدا کرے کہ اس کا فائدہ عام ہو اور لوگ زیادہ سے زیادہ استفادہ کر سکیں۔ (عبدالقیوم حقانی)

افضلیت شیخین | از حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ۔ صفحات ۷۶۔ قیمت بارہ روپے۔

پتہ۔ قدیمی کتب خانہ۔ مقابل آرام باغ کراچی۔

پیش نظر کتاب حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی ولولہ انگیز، وجد آفریں اور اپنے موضوع پر منفرد اور یگانہ کتاب " ازالۃ الخفاء " کا اہم حصہ ہے۔ پروفیسر علی حسن صاحب نے اردو میں اس کا ترجمہ کر دیا ہے ایرانی شیعی انقلاب کے نتیجے میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کی توہین، ان کی تحقیر اور ان پر عدم اعتماد کی جو ایک طوفانی تحریک چلائی جا رہی ہے اس کے سدباب کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ حضرات صحابہ کی عظمت اور دین و شریعت میں ان کے رتبہ و مقام سے امت کو آگاہ کیا جائے۔ زیر تبصرہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے جو ہر لحاظ سے قابل ستائش ہے۔

اسی ادارہ کی شائع کردہ دوسری کتاب " **فوائد مرضیہ شرح اردو مقدمۃ الجزریہ** " بھی برائے تبصرہ موصول ہوئی ہے۔ قاری محمد سلیمان صاحب نے اس کا اردو ترجمہ اور ضروری شرح بھی کر دی ہے صفحات ۱۱۸۔ قیمت ۱۸ روپے ہے۔ (عبدالقیوم حقانی)

کھلی چٹھی کا جواب | مؤلفہ مولانا قاضی مظہر حسین صاحب۔ صفحات ۱۸۸ قیمت ۷ روپے

پتہ۔ حافظ عبدالوحید حنفی۔ دفتر تحریک خدام اہلسنت۔ مدنی جامع مسجد چکوال ضلع جہلم

حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب دارالعلوم دیوبند کے فاضل، شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ کے شاگرد اور خلیفہ مجاز ہیں۔ تحریک اہلسنت کے بانی اور امیر ہیں۔ ان کی تازہ تصنیف " خارجی فتنہ " نامی کتاب سے شیعیت، ناصبیت اور محمود عباسی کے پیروکاروں پر کاری ضرب پڑی ہے۔ بعض ناعاقبت اندیشوں نے اس کے بعض مندرجات کے جواب کی ناکام کوشش بھی کی ہے۔ پیش نظر کتاب بھی ایسے ہی ایک مولوی صاحب کی کھلی چٹھی کا جواب ہے جو انہوں نے خارجی فتنہ پر اعتراض کرتے ہوئے حضرت قاضی صاحب کے نام لکھی تھی۔

حضرت قاضی صاحب کے جواب سے معترض کو شہرت ملی۔ تاہم قدرت کو اس بہانے دفاع صحابہ اور مسلک اہلسنت کی ترجمانی اور تحفظ بھی منظور تھا جو پیش نظر کتاب سے کافی حد تک پورا ہوا۔ اس کتاب کو " خارجی فتنہ " کا ایک جزء یا تتمہ قرار دیا جا سکتا ہے۔

اس کے علاوہ حافظ عبدالوحید حنفی کا مرتب کردہ سولہ صفحات کا اپنے موضوع کے لحاظ سے مفید کتابچہ " اسلام اور اہلسنت والجماعت " برائے تبصرہ موصول ہوا ہے۔ ایک روپے میں مندرجہ بالا پتہ سے دستیاب ہے۔

(عبدالقیوم حقانی)